| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ع' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ع' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت / بناوٹ سے حرف 'ع' لکھ سکیں حرف 'ع' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ع' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی' اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ اسے لے کر ظ تک حرف کا درست تلفظ، آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف 'ع' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوں گے۔ بچوں کو السلام علیکم کہہ کر حرف 'ع' کا تعارف کروائے گی میں حرف 'ع' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے۔ حرف 'ع' کی آدھی شکل 'ء' کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا 'ع' حروف تہجی کا پچیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ع' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے 'ع' کے ذخیرہ الفاظ عقاب، علاج، عبادت، عمارت، عورت، عجوہ، عطر اور عینک فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ ع کے اوپر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔ تختہ سیاہ / سفید پر لکیر کھینچی جائے گی بچوں کو حرف 'ع' لکھنے کا درست طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بُلا کر حرف 'ع' لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 54 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں کو کہا جائے گا حرف 'ع' پر انگلی پھیریے اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے حرف 'ع' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز بتائی جائے گی اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی مثال کے طور پر ع عمارت ع عقاب وغیرہ۔ بچوں کو سادہ کاغذی شیٹ اور رنگ دیئے جائیں گے بچوں سے اپنی پسند کے رنگ میں انگلیاں ڈبو کر 'ع' لکھنے کو کہا جائے گا معلّمہ یہ حرف بورڈ پر لکھے گی اور طلباء کاغذ پر یہ حرف بنائیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو حرف 'ع' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Puppet Stick Card<br>کتاب صفحہ نمبر 54<br>سادہ کاغذی شیٹ، رنگ، پینٹ، پانی | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ع' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ع' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ع' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت / بناوٹ سے حرف 'ع' لکھ سکیں حرف 'ع' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ع' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو "حروف تہجی اردو کے" نظم سنائی جائے گی۔ حرف 'ع' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ع' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ع' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ / پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ نماز پڑھنا، روزہ رکھنا یہ سب عبادت ہے جو ہم اللہ کی کرتے ہیں کیا آپ کے گھر میں دادا، دادی، امی، ابو اللہ کی عبادت کرتے ہیں؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ عبادت کی ابتدائی آواز 'ع' کی ہے۔ بچوں سے ہوا میں جلد پر، میز پر اور ہاتھ کی ہتھیلی پر انگلی کی مدد سے حرف ع کی پوری اور آدھی شکل بنوائیے۔ اس عمل کو دو سے تین بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | Puppet<br>Stick<br>Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر حرف ع کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے بار بار پوچھیے آپ پلے ڈو سے کون سا حرف بنا رہے ہیں۔ اس کی صوتی آواز کیا ہے؟<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں عینک میں رنگ بھرنے اور 'ع' کی پوری شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | Play<br>Dough | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ع' کی پوری شکل لکھوائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ع' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ع' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت / بناوٹ سے حرف 'ع' لکھ سکیں حرف 'ع' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ع' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ع' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی۔اس کا نام،تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ع عقاب کے بارے میں بات کریں گے عقاب کو پرندوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے ان کی نظر بہت تیز ہوتی ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ عقاب کی ابتدائی آواز 'ع' کی ہے بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ع' بنایے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>طلباء کو دائرے کی شکل میں بٹھا دیجیے۔انھیں ان چیزوں / تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دیجیے جو حرف 'ع' سے شروع ہوتی ہیں تھیلا جیسے جیسے ایک سے دوسرے بچے کے پاس جائے گا ہر بچہ اس میں سے ایک چیز/تصویر نکالے نام بتائے اور پھر ابتدائی آواز بتایے بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں حرف 'ع' سے شروع ہونے والی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ع' کی آدھی شکل 'ء' پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں عقاب میں رنگ بھریے اور ع کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے عبادت،عقاب اور عمارت کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>حرف 'ع' کی اشیاء یا حرف 'ع' کی تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ع' کی پہچان،آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ع‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ع‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت /بناوٹ سے حرف ’ع‘ لکھ سکیں حرف ’ع‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف ’ع‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>یہ حرف ’ع‘ کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی حرف ’ع‘ کا تلفظ اور اس کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ع‘ کی پہچان ،آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ع‘ کے مزید الفاظ جانیں گے بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے عورت، عجوہ، عطر اور عینک کی تصاویر دکھائی جائیں گی تصاویر کو تختہ سیاہ/سفید پر چسپاں کر کے بچوں کو حرف کے ساتھ آواز کا تعلق بتایا جائے گا بار بار ان الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ’ع‘ کی ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی بچوں کو پلے ایریا میں لے کر جایا جائے گا اور زمین پر چاک کی مدد سے ’ظ‘ اور ’ع‘ لکھا جائے گا کہ وہ ’ع‘ ڈھونڈیں اور اس پر چھلانگ لگائیں اور صوتی آواز بتائیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 55 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں بتایئے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف ’ع‘ کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے نیچے دی گئی حرف ’ع‘ کی پوری اور آدھی شکل پر انگلی پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | چاک<br><br>کتاب صفحہ نمبر 55 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے عینک، عطر اور عجوہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ع' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ع' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت / بناوٹ سے حرف 'ع' لکھ سکیں حرف 'ع' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ع' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ع' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ع' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ہسپتال کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ ہسپتال کی عمارت ہے۔ اس جگہ مریضوں کو علاج کے لیے لایا جاتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آپ جس جگہ موجود ہیں یہ سکول کی عمارت ہے عمارتیں گھروں سے بڑی اور مختلف ہوتی ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ عمارت اور علاج کی ابتدائی آواز 'ع' کی ہے۔ بچوں کو Sand Tray دے کر حروف 'ع' کی پوری اور آدھی شکل کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ع' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ع' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے اور دہرائے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ع' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 2 منٹ | | |